20490246

URDU

Maximum Marks : 80

Time Allotted : Three Hours

Reading Time : Additional Fifteen Minutes

Instructions to Candidates

1. You are allowed an **additional fifteen minutes** for **only** reading the question paper.
2. You must **NOT** start writing during reading time.
3. This question paper has **11 printed pages and one blank page.**
4. It is divided into **two sections : Section A and Section B.**
5. It has **fifteen questions** in all.
6. **Section A** has **three questions.** All questions are compulsory.
7. While attempting **Multiple Choice Questions** in Section A, you are required to **write only ONE option as the answer.**
8. **Section B** has **twelve questions.** You are required to attempt **any four** questions in this section on **any three** out of the four prescribed textbooks.
9. The intended marks for questions are given in brackets [ ].

Instruction to Supervising Examiner

1. Kindly read **aloud** the Instructions given above to all the candidates present in the examination hall.

© *Copyright reserved.*

SECTION - A

LANGUAGE - 40 MARKS

Question 1

Write a composition in approximately 400 words in **Urdu** on any **ONE** of the topics given below.

[15] مندرجہ ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پر (تقریباً ۴۰۰ الفاظ پر مشتمل) اُردو میں مضمون لکھئے۔

(i) اپنے کسی جان پہچان والے شخص کے بارے میں لکھئے جو بہت بولتا ہو اور یہ بھی بتائیے کہ کس طرح وہ زیادہ بولنے کی وجہ سے کسی مصیبت میں پڑ گیا۔

(ii) ہماری زندگی میں تکنیکی (Technology) سہولیات کے فائدے اور نقصانات۔

(iii) شادی بیاہ کی تقریبات میں بہت پیسہ خرچ کیا جانے لگا ہے۔ آپ نے ابھی۔ابھی ایک ایسی ہی شادی میں شرکت کی ہے جس میں بہت زیادہ خرچ کیا گیا تھا۔ آپکے خیال میں وہاں کئے گئے کن۔کن خرچوں کو کم کیا جا سکتا تھا۔ تفصیل سے تحریر کیجئے۔

(iv) تعلیم (اسکول) کا قدیم رواج بہتر ہے یا آن لائن تعلیم۔ اس موضوع کے موافق یا مخالف اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(v) ''آم کے آم گٹھلیوں کے دام'' اس محاورے پر مبنی کوئی دلچسپ واقعہ رقم کیجئے۔

(vi) دیئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک پر طبع زاد (Original) کہانی تحریر کیجئے۔

(a) زندگی کا کوئی مشکل فیصلہ۔۔۔۔ جو آپ نے لیا ہو۔

(b) دنیا میں سب کچھ پیسے سے نہیں خریدا جا سکتا۔

Question 2

Read the passage given below carefully and answer the questions that follow, using your own words in **Urdu**.

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالوں کے جواب اُردو میں لکھئے۔

''پرویز شاہدی ترقی پسند شاعروں میں امتیازی مقام کے حامل ہیں۔ انھوں نے ادبی فیشن کے طور پر ترقی پسندی قبول نہیں کی، بلکہ یہ ان کے دل و دماغ کی آواز تھی۔ پرویز شاہدی کا اصل نام سیّد اِکرام حسین اور تخلّص پرویز ہے۔ انکی پیدائش ۳۰/ ستمبر ۱۹۱۰ء کو بمقام محلّہ لودی کٹرا، پٹنہ میں ہوئی۔ انکے والد کا نام سیّد احمد حسین تھا۔ ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی۔ ۱۹۲۵ء میں انھوں نے کولکتہ کے ایم۔ایل جُبلی اسکول سے میٹریکولیشن کے امتحان میں کامیابی حاصل کی۔ اس کے بعد وہ پٹنہ واپس آ گئے۔

یہاں انھوں نے ۱۹۲۷ء میں انٹر اور ۱۹۳۰ء میں پٹنہ کالج سے بی۔اے آنرس (فارسی) کیا۔ پھر پٹنہ یونیورسٹی سے اُردو اور فارسی میں ایم۔اے کیا۔تلاشِ روزگار کے لئے دوبارہ کولکتہ آئے۔ مدرسہ عالیہ کولکتہ میں اسسٹینٹ ٹیچر ہوئے۔انھوں نے مدنی پور کالج میں بھی لکچرر کا عہدہ سنبھالا۔ ۱۹۵۸ء میں کولکتہ یونیورسٹی کے شعبہ اُردو میں لکچرر رہوئے۔ پروؔیز شاہدی کا انتقال ۵/ مئی ۱۹۶۸ء میں کولکتہ میں ہوا۔

شاعری کی ابتداء روایتی طور پر غزل گوئی سے کی۔ انکے یہاں ناسؔخ اور غالبؔ کا رنگ صاف جھلکتا ہے،لیکن بعد میں ترقی پسند تحریک سے وابستگی کی بنا پر انھوں نے ترقی پسندانہ خیالات کو شعری جمالیات کے ساتھ پیش کیا۔ پروؔیز شاہدی کی نظموں میں موضوعاتی تنوع خاص طور پر پایا جاتا ہے۔ ان کی نظموں میں سیاسی موضوعات بھی ہیں۔ محنت وسرمایہ کی کشاکش کا منظر نامہ بھی ہے اور انقلاب کا دل آویز نغمہ بھی۔ انھوں نے اکثروبیشتر اپنے دھیمے۔ دھیمے اور رُکے۔ رُکے پُروقار انداز میں انقلاب کی آواز بلند کی ہے۔ ''ماضی کا قید خانہ، جوانی ہمارے وطن میں اور روشنی کو ووٹ دو'' جیسی نظمیں انکے انقلابی ذہن کی عکاسی ہیں۔انھوں نے رومانی موضوعات اور احساسات کو بھی اپنی نظموں میں جگہ دی۔شکست،اندھیرے اجالے،انتظار اور خوابوں کی سیڑھیاں رومانی نظمیں ہیں۔ انھوں نے وطن پرستی کے موضوع پر بھی نظمیں کہی ہیں۔ ''بنتِ جمالہ'' اس کی عمدہ مثال ہے۔ پروؔیز شاہدی کے دو شعری مجموعے ''رقصِ حیات اور تثلیثِ حیات'' شائع ہو چکے ہیں۔''

(i) پروؔیز شاہدی کا اصل نام کیا تھا؟ وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے اور انکے والد کون تھے؟ **[3]**

(ii) تلاشِ روزگار کے لئے پروؔیز شاہدی کہاں پہنچے؟ وہ کن عہدوں پر فائز ہوئے اور انکی شاعری میں کس کا رنگ جھلکتا ہے؟ **[3]**

(iii) پروؔیز شاہدی نے کن موضوعات پر کون۔کون سی نظمیں لکھی ہیں؟ انکے شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔ **[3]**

(iv) ''ترقی پسند خیالات کو شعری جمالیات کے ساتھ پیش کیا۔''

(a) خط کشیدہ الفاظ کا مفہوم واضح کیجیے۔ **[1]**

(1) شعر کی اہمیت کے ساتھ

(2) شعر کے حسن کے ساتھ

(3) شعر کی افضلیت کے ساتھ

(4) شعر کی مقبولیت کے ساتھ

(b) پرویز شاہدی کی کون سی نظم سیاسی موضوع پر مبنی ہے؟ [1]

(1) جوانی ہمارے وطن میں

(2) بنتِ ہمالہ

(3) اندھیرے اجالے

(4) خوابوں کی سیڑھیاں

(c) شاعری کی ابتداء انھوں نے کس سے کی؟ [1]

(1) نظم گوئی

(2) قصیدہ گوئی

(3) مرثیہ گوئی

(4) غزل گوئی

(d) انھوں نے ادبی فیشن کے طور پر __________ قبول نہیں کی۔ [1]

(1) خود پسندی

(2) شر پسندی

(3) ترقی پسندی

(4) کردار پسندی

(e) ''بنتِ ہمالہ'' کس کی عمدہ مثال ہے ؟ [1]

(1) سیاسی موضوع

(2) رومانی موضوع

(3) انقلابی موضوع

(4) وطن پرستی

20490246

(f) ”مدنی پور کالج میں بھی لیکچرر کا عہدہ سنبھالا “۔ [1]

خط کشیدہ الفاظ کے معنی سمجھایئے۔

(1) عہدہ پکڑ لیا

(2) ذمّہ داری قبول کی

(3) عہدہ چھوڑ دیا

(4) عہدے کو گرنے سے بچایا

Question 3

(A) Do as directed.

دی گئی ہدایات کے مطابق جواب دیجیے۔

(i) جملے کو درست کر کے لکھو۔ [1]

”سورج مشرق میں غروب ہوتا ہے۔“

(ii) خالی جگہ میں درست لفظ کو چُن کر لکھیے۔ [1]

بادشاہ نے دشمن سے جنگ میں __________ کرنے کی بات مان لی۔

(a) صلاح

(b) صلح

(c) اصلاح

(d) دوستی

(iii) درست جملے کو پہچان کر لکھیے۔ [1]

(a) کیسا استعفیٰ! وہ اپنے منصب سے ہرگز نہیں ہٹے گا۔

(b) مستقبل کے گزرے ہوئے خوشگوار لمحوں کی یاد آتی ہے۔

(c) ہاں میں نہیں ملانے والوں سے مشورہ مت کرو۔

(d) کمپیوٹر بہت عمدگی کی شے ہے۔

(iv) نیچے لکھے جملوں میں سے غلط جملے کی نشاندہی کیجیے۔ [1]

(a) بچّوں کی مناسب نگہداشت ہونی چاہئے۔

(b) اُسے یونیورسٹی کے تقریری مقابلے میں پہلے انعام ملا۔

(c) بھلا لڑکیوں سے کون بحث کر سکتا ہے۔

(d) دنیا میں موقع پرست لوگ ہی کامیاب ہوتے ہیں۔

(v) جملے میں خط کشیدہ لفظ کی جگہ درست لفظ چن کر لکھیے۔ [1]

سرفراز اپنے ساتھیوں میں مخالفانہ جوش پیدا کر رہا ہے۔

(a) ہمدردی کا

(b) دشمنی کا

(c) محبت کا

(d) برابری کا

(B) Do as directed.

دی گئی ہدایات کے مطابق محاوروں کا استعمال کیجیے۔

(i) نیچے لکھے محاورے کو جملے میں استعمال کیجیے۔ [1]

آسمان سے آگ برسنا

(ii) محاورے کو درست کر کے لکھیے۔ [1]

کچھوے کی طرح رنگ بدلنا

(iii) جملے میں خالی جگہ کو پُر کرنے کے لئے درست محاورے کا انتخاب کیجیے۔ [1]

پانیپت کی لڑائی میں ابراہیم لودی کے ________ گئے۔

(a) پاؤں باہر نکالنا

(b) پاؤں پسارنا

(c) پاؤں اکھڑ جانا

(d) پاؤں کی بیڑی ہونا

(iv) نیچے لکھے جملے کے لئے درست محاورہ بتایئے۔ [1]

''فوج نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کر دیا۔ ''

(a) سر آنکھوں پر بٹھانا

(b) پانی میں آگ لگانا

(c) اینٹ کا جواب پتھر سے دینا

(d) اینٹ سے اینٹ بجانا

(v) محاورے کے صحیح معنی کی نشاندہی کیجیے۔ [1]

''سبز باغ دکھانا''

(a) ہرے باغ میں گھمانا

(b) ٹھنڈی ہوا میں سیر کرانا

(c) فریب/دھوکا دینا

(d) سیر و تفریح کروانا

2049 0246

SECTION - B

LITERATURE - 40 MARKS

*Answer **four** questions from this section on **any three** out of the prescribed textbooks.*

اس سیکشن سے **چار** سوالوں کے جواب دیں۔ اپنے نصاب کی کنھیں **تین** کتابوں میں سے ایک ایک جواب دینا ضروری ہے۔

گنجینۂ ادب (حصّہ نثر) (GANJEENA E ADAB)

20490246

Question 4

''وہ مسلمان پاگل جن کے لواحقین ہندوستان ہی میں تھے، وہیں رہنے دیئے گئے تھے۔ باقی جو تھے ان کو سرحد پر روانہ کر دیا گیا۔''

(i) افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کے مصنف کون ہیں؟ [1]

(ii) لاہور کے پاگل خانے میں کس طرح کے پاگل موجود تھے؟ [2]

(iii) تبادلے کی خبر سن کر پاگلوں کا کیا ردِّ عمل تھا؟ کسی ایک کا تذکرہ کیجیے۔ [2]

(iv) افسانے کا مختصر خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ [5]

Question 5

افسانہ ''دہلیز'' میں شراون کمار ورما نے کس مسئلہ کو اجاگر کرتے ہوئے ہمیں کیا پیغام دیا ہے؟ کہانی کی روشنی میں بیان کیجیے۔

[10]

Question 6

محمد حسین آزاد کی حالاتِ زندگی، تصانیف اور طرزِ تحریر کی خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے بتائیے کہ افسانے میں انھوں نے کیا نصیحت کی ہے؟

[10]

(ROOH E ADAB) روحِ ادب (حصہ نظم)

2049024246

Question 7

فسانۂ شبِ غم ان کو اک کہانی تھی

کچھ اعتبار کیا، کچھ نہ اعتبار کیا

کچھ آگے داورِ محشر سے ہے امید مجھے!

کچھ آپ نے میرے کہنے کا اعتبار کیا

(i) مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کی غزل سے ماخوذ ہیں ؟ [1]

(ii) غزل کا مطلع تحریر کیجیے۔ [2]

(iii) خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھیے۔ [2]

(iv) اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔ [5]

2049024246

Question 8

فیض احمد فیض کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے انکی نظم نگاری کی ان خصوصیات کو بیان کیجیے، جوانھیں سب سے منفرد بناتی ہیں۔ [10]

Question 9

علی سردار جعفری کی لکھی نظم ''مشرق ومغرب'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں رقم کیجیے۔ [10]

(MOORTI) ناول۔مورتی

2049024246

Question 10

''فیصل ابھی ملیحہ کے انکشاف سے ہی سنبھل نہ پایا تھا کہ اکبر علی کسی سراپا انکشاف کی صورت سامنے آگئے۔۔۔۔ اپنی پیالی میں چائے انڈیلتے ہوئے وہ انھیں ہی دیکھ رہا تھا۔''

(i) ناول میں فیصل اکبر علی کو کن ناموں سے بلاتا تھا؟ [1]

(ii) فیصل پر کون۔کون سے راز ظاہر ہوئے تھے؟ [2]

(iii) اکبر علی کا حلیہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ [2]

(iv) عافیہ نے ملیحہ کے لئے کیا سامان بھجوایا تھا اور اسے دینے جب فیصل ملیحہ کے گھر گیا تو بیس منٹ میں اس نے کیا دیکھا ؟
تفصیل سے لکھیے۔ [5]

Question 11

تاریخ کی کتابوں سے ملیحہ کو کشمیر کے بارے میں کیا پتا چلا ؟ واقعہ تفصیل کے ساتھ رقم کیجیے۔ [10]

Question 12

ملیحہ نے فیصل کو تھپڑ کیوں مارا تھا؟ فیصل کے متعلق ملیحہ کی بدگمانی کس حد تک درست تھی؟ وجہ بتاتے ہوئے بیان کیجیے۔

[10]

ڈرامہ۔کھیتی (KHETI)

Question 13

”مجھ میں اتنی ہمّت ہے نہ اتنا حوصلہ کہ ساری قوم کو جگانے یا ٹھیک رستے پر چلانے کا ذمّہ اپنے سر لوں۔“

(i) ڈرامہ ”کھیتی“ میں یہ مکالمہ کس نے کس سے کہا؟ [1]

(ii) ڈرامے کے اہم کرداروں کے نام تحریر کیجیے۔ [2]

(iii) وہ شخص اس قدر نا امید کیوں ہے؟ وجہ تحریر کیجیے۔ [2]

(iv) ڈرامے کے آخری سین میں کیا واقعات رونما ہوئے؟ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ [5]

20490246

Question 14

ڈرامہ ''کھیتی'' میں ڈرامہ نگار نے ہمیں کیا پیغام دینے کی کوشش کی ہے ؟ کہانی کو مختصر بیان کرتے ہوئے رقم کیجئے۔ **[10]**

Question 15

عبدالغفور کا کردار ڈرامے میں کس اہمیت کا حامل ہے؟ اسکی شخصیت کے تمام پہلوؤں کا تذکرہ تفصیل سے کیجئے۔ **[10]**

20490246
20490246
20490246